# حدیث
## هم تک پهنچنے کے اعتبار سے

نقشه نمبر ۱
www.alehsaan.com
abussaif@yahoo.com
0092 321 5172522

## متواتر

**ما رواه عدد كثير تحيل العادة توطؤهم على الكذب** جس حدیث کو بیان کرنے والی ایسی بڑی جماعت هو جس کا جهوٹ پر اتفاق کرلینا یا اتفاقی طور پر جهوٹ پر جمع هونا عادتا محال هو ۔اور یهی کثرت ابتداء سے انتهاء تک تمام طبقات میں هو اوراس خبر کا تعلق مشاهده یا سماع سے هو

### شروط

- اسکو روایت کرنے والوں کی تعداد بهت زیاده هو اور کم از کم تعداد میں اختلاف هے راجح قول دس راویوں کا هے
- عام طور پر ان کا جهوٹ پر جمع یامتفق هونا محال هو
- یهی کثرت سند کے تمام طبقوں میں هو
- اس خبر کا تعلق مشاهده یا سماع سے هو

### قسمیں

**لفظی**

ما تواتر لفظه و معناه یعنی وه حدیث جس کا لفظ اور معنی دونوں متواتر هوں ۔ **مثال**:" من كذب على متعمدا فليتبوأ مقعده من النار " اس حدیث کو ۷۰ سے زیاده صحابه نے روایت کیا هے

**معنوی**

ما تواتر معناه دون لفظه یعنی وه حدیث جس کا صرف معنی متواتر هو لفظ نهیں **مثال** :" دعا میں هاتهوں کو اٹهانا" اس مفهوم کو تقریبا ۱۰۰ صحابه نے روایت کیاهے لیکن مختلف واقعات میں

## آحاد

ما لم يجمع شروط المتواتر یعنی جس میں متواتر کی شروط پوری نه هوں

### قسمیں

### مشهور

**ما رواه ثلاثة فأكثر ولم يبلغ حد المتواتر** ۔ جسے هر طبقه میں تین یا تین زیاده روایت کریں مگر تواتر کی حد کو نه پهنچے
**مثال** : ان الله لا يقبض العلم انتزاعا ينتزعه .....

### عزیز

**ما لايقل رواته عن اثنين في جميع طبقات السند**

جس کے راوی سند کے تمام طبقوں میں دو سے کم نه هوں
**مثال** : عن أنس و أبي هريرة أن رسول ﷺ قال لا يؤمن أحدكم حتى أكون أحب إليه من والده وولده و الناس أجمعين (متفق عليه) تو اس حدیث کو

حضرت أنس — أبي هريرة
قتاده — عبد العزيز
شعبه — سعيد

اور ان سے پهر ایک جماعت روایت کرتی هے

### غریب

**ما ينفرد بروايته راو واحد** وه حدیث جسے ایک منفرد راوی بیان کرے ۔
**مثال** : حدیث : إنما الأعمال بالنيات

### غریب مطلق

**ما كانت الغرابة في أصل سنده** وه حدیث جس میں غرابت اصل سند یعنی صحابی کی جانب هو مطلب یه هے که اس کو صرف ایک هی صحابی بیان کرنے والا هو

### غریب نسبی

**ما كانت الغرابة في أثناء سنده**
وه حدیث جس میں غرابت سند کے درمیان هو یعنی شروع میں تو بهت سے راوی بیان کرنے والے هوں لیکن درمیان میں کسی استاذ کا صرف ایک هی شاگرد هو جیسے : مالك عن الزهري عن أنس أن النبي ﷺ دخل مكة وعلى رأسه المغفر (متفق عليه) اس حدیث کو زهری سے اکیلے امام مالک روایت کرنے والے هیں

**نوٹ** : غریب کا دوسرا نام **فرد** بهی هے لیکن بعض محدثین فرد غریب مطلق کو اور غریب غریب نسبی کو کهتے هیں

**حکم** : متواتر حدیث حکم یه که یه علم یقینی کا فائده دیتی هے اور یه صحیح حدیث میں سب سے بلند مرتبه هوتی هے اس لئے اس راویوں پر بحث نهیں کی جاتی جبکه احاد احادیث قابل تحقیق هوتی هیں اگر صحیح کی شروط پائی جائیں تو قابل عمل هوں گی اور اگر نه پائی جائیں تو ضعیف هوں گی

Www.alehsaan.com
All Rights Reserved.www.alehsaan.com